Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

انڈیپنڈنٹ ایڈووکیسی سروس

انڈیپنڈنٹ ایڈووکیسی سروس کیا ہے؟

یہ ایک مفت اور خودمختار خدمت ہے جو ان معذور افراد کے لیے دستیاب ہے جنہیں سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ کے بینفٹس تک رسائی اور درخواست دینے کے لیے اضافی سپورٹ کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

یہ خدمت VoiceAbility کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے، جو سکاٹش حکومت اور سوشل سیکورٹی سکاٹ لینڈ سے علیحدہ ایک تنظیم ہے۔ VoiceAbility ایک خیراتی تنظیم ہے جو 40 سالوں سے آزاد وکالت کی خدمات فراہم کر رہا ہے۔

سروس سے کون مستفید ہو سکتے ہیں؟

یہ سروس سکاٹ لینڈ میں ہر اس معذور فرد کے لیے دستیاب ہے جسے سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ کے بینفٹس تک رسائی اور درخواست دینے کے لیے تعاون کی ضرورت ہو۔ اس میں حسی معذوری، دماغی صحت کے عارضے میں مبتلا یا سیکھنے کی معذوری دوچار لوگ شامل ہو سکتے ہیں۔

یہ خدمت معذوری کے حامل والدین یا کیئررز کے لیے بھی دستیاب ہے جنہیں ایک بچے کے لیے بینفٹس تک رسائی کے لیے سپورٹ کی ضرورت ہو۔ یا ایسے والدین یا کیئررز کے لیے جو ایک معذور بچے کے لیے بینفٹس تک رسائی حاصل کر رہے ہیں، اگر وہ بچہ اس عمل میں شامل ہونا چاہتا ہو اور اسے مدد کی ضرورت ہو۔

ایک ایڈووکیٹ کیا کرتا ہے؟

ایڈووکیٹ معذوری کے حامل افراد کی مدد کر سکتا ہے:

- تاکہ ان کی بات سنی اور سمجھی جائے
- سوالات پوچھیں اور بینفٹس کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔
- اس بات کو سمجھ سکیں کہ وہ کن کن بینفٹس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- درخواست دینے کا طریقہ سیکھ لیں
- متوقع خدمت کو سمجھیں اور اگر ان کے کوئی سوالات ہوں تو انہیں کیا کرنا ہے
- سوشل سیکورٹی سکاٹ لینڈ کے ساتھ خطوط، درخواست فارم، فون کالز اور ملاقاتوں کو سمجھ لیں
- درخواست کے عمل میں بھرپور شرکت کریں
- سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ کو اپنی حالت، خواہش اور ضرورت کے بارے میں آگاہ کریں
- سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ کو اپنے بینفٹس اور انہیں ملنے والی سروس کے بارے میں اپنی سوچ و فکر سے آگاہ کریں اور یہ اگر وہ خوش نہ ہوں تو کیا کریں۔

ایک ایڈووکیٹ:

- معلوم یہ کرے گا کہ کس طرح کسی شخص کو اپنے پیغام کو سمجھنے اور حاصل کرنے کا سب سے آسان طریقہ کیا ہے۔
- کلائنٹ کے ساتھ ایک ایسے طریقے سے بات چیت کرے گا جو اسے سب آسان لگتا ہو۔
- کلائنٹ کے لیے صرف اس وقت بولے گا یا لکھے گا جب کلائنٹ اس سے کہے یا جب کلائنٹ بول یا لکھ نہیں سکتا
- دوسرے افراد سے معلومات حاصل کرے گا تاکہ کلائنٹ کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے میں مدد ملے۔ وہ یہ صرف اس صورت میں ایسا کریں گے جب کلائنٹ انہیں کہے کہ وہ کر سکتے ہیں، سوائے اس کے کہ کلائنٹ رضامندی دینے سے قاصر ہو۔
- کلائنٹ کی صورت حال کی نمائندگی کرتے ہوئے ان کے حقوق کی حفاظت کریں گے اگر وہ اس سے قاصر ہوں۔

ایک ایڈووکیٹ کیا نہیں کرتا؟

ایک ایڈووکیٹ:

- بینفٹس کے بارے میں مشورہ فراہم نہیں کرے گا
- قانونی مشورہ نہیں دے گا
- کلاینٹ کیلئے فیصلے نہیں کرے گا
- اپنی آراء اور خیالات شئیر نہی کرے گا

کوئی کس طرح سروس تک رسائی حاصل کرسکتا ہے؟

کلائنٹ کسی بھی وقت ایڈووکیٹ کی مدد طلب کر سکتے ہیں - درخواست دینے سے قبل، درخواست دینے کے دروان، اگر وہ اپنی درخواست کے نتائج کو چیلنج کرنا چاہتے ہوں، یا شکایت کرنا چاہتے ہوں تو۔

کوئی کس طرح سروس تک رسائی حاصل کرتا ہے؟

صارف 1660 303 0300 پر مفت کال کرکے اور یا www.voiceability.org پر جاکر یا SocialSecurityAdvocacy@voiceability.org کو ای میل کرکے VoiceAbility کیساتھ براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں ۔

صارف سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ سے مفت میں رابطہ کرکے بھی اس مدد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں درج ذیل طریقوں میں سے جو بھی ان کے لیے بہترین ہو:

- بذریعہ ٹیلیفون، 2222 182 0800 کو کال کرکے اور بتادیں کہ انڈیپنڈنٹ ایڈووکیسی سروس سے رابطہ کروالیں۔
- چیٹ کے ذریعے
- 4000 244 0300+ 18001 پر ٹیکسٹ ریلے سروس کے ذریعے
- یا برٹش ساین لینگویج یعنی برطانوی اشاروں کی زبان کے صارفین contactscotland-bsl.org/device-direct پر جا سکتے ہیں۔

آگے کیا ہونے کی توقع ہے؟

کلائنٹ کی جانب رابطہ استوار ہونے کے بعد، VoiceAbility کا ایک ایڈووکیٹ پانچ ورکنگ دنوں کے اندر ان سے اس طریقے سے رابطہ کرے گا جو کلائنٹ کے لیے مناسب ترین ہو۔ ایڈووکیٹ پھر صارف سے ان کی ضروریات معلوم کرنے کے لیے بات چیت کرے گا۔

یہ سروس صارفین کے لیے مکمل طور پر مفت ہے، اور سروس تک رسائی کے لیے سفری اخراجات VoiceAbility کی جانب ادا کیے جائیں گے۔

HAPPY TO TRANSLATE
0800 182 2222 پر کال کریں

سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فالو کریں